آگ کی مثال (البقرۃ: 18-17)

مَثَلُهُمْ	كَمَثَلِ الَّذِی	اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ	فَلَمَّآ اَضَآءَتْ
ان کی مثال	اس شخص کی طرح ہے جس نے	جلائی آگ،	پھر جب اُس (آگ) نے روشن کر دیا

مَا حَوْلَهٗ	ذَهَبَ اللّٰهُ	بِنُوْرِهِمْ	وَتَرَكَهُمْ	فِیْ
جو اس کے ارد گرد تھا	(تو) چھین لی اللہ نے	ان کی روشنی	اور چھوڑ دیا انہیں	میں

ظُلُمٰتٍ	لَّا یُبْصِرُوْنَ (17)	صُمٌّۢ	بُكْمٌ	عُمْیٌ	فَهُمْ	لَا یَرْجِعُوْنَ (18)
اندھیروں	(کہ) وہ نہیں دیکھتے۔	بہرے ہیں	گونگے ہیں	اندھے ہیں	پس وہ	نہیں لوٹیں گے۔

مختصر شرح

- مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِی...: منافقین کی پہلی مثال: آگ اور اس سے نکلنے والی روشنی۔ یہ مثال اس طرح سمجھی جا سکتی ہے: جب حضرت محمد ﷺ ہدایت کی روشنی لے کر آئے تو اچھے لوگوں نے اسے قبول کر لیا۔ منافقین نے اپنی بری خواہشات کی بناء پر اسے قبول نہیں کیا، تو اللہ نے ان کی روشنی چھین لی یعنی ان کی سمجھ اور عقل کو چھین لیا اور انہیں گمراہی کے اندھیروں میں بھٹکتا چھوڑ دیا۔
- صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ...: نہ وہ حق سنتے ہیں، نہ حق بولتے ہیں، نہ حق دیکھتے ہیں۔ یہ پکے منافقین ہیں، ان کے واپس آنے کی کوئی امید نہیں۔
- صُمٌّ اور بُكْمٌ کے معانی یاد رکھنے کے لیے آسان طریقہ: صُمٌّ (جو سن نہیں سکتا)، بُكْمٌ (جو بول نہیں سکتا)
- جو عمداً یعنی جان بوجھ کر بہرا، گونگا، اور اندھا بنا رہے تو ایسے انسان سے کوئی امید نہیں کہ حق کی طرف لوٹ آئے۔
- کبھی کسی کو ہرگز منافق نہ کہیے کیونکہ دلوں کے حال کو صرف اللہ ہی جانتا ہے۔ اپنی فکر کیجیے اور خود کی غلطیوں کی اصلاح کیجیے۔ دوسروں کو مشورہ ضرور دیجیے مگر اس خیال کے ساتھ نہیں کہ آپ ان سے بہتر یا اچھے ہیں۔

اسباق، دعا اور پلان : ان آیات سے کئی اسباق، دعائیں اور پلانس بنائے جا سکتے ہیں۔ نیچے بطور مثال صرف چند کا ذکر ہے۔

مثال: آگ اور اس سے نکلنے والی روشنی

- منافقین نے اسلام کی روشنی کو دیکھا لیکن انہوں نے اسے قبول نہیں کیا،
- اللہ نے ان کی روشنی (بصیرت) کو چھین لیا،
- گونگا، بہرا اور اندھا شخص کبھی بھی حق کی طرف نہیں لوٹ سکتا۔

دعا: اَللّٰهُمَّ أَرِنَا الْحَقَّ حقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَأَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ اے اللہ! ہمیں حق کو حق کے طور پر دکھا اور ہمیں اس کی پیروی کرنے کی توفیق عطا فرما اور ہمیں باطل کو باطل کے طور پر دکھا اور ہمیں اس سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔

پلان: میں ہمیشہ اپنے کان، زبان اور آنکھوں کو حق بات سننے، بولنے اور دیکھنے کے لیے استعمال کروں گا۔

اسماء وافعال: اس سبق کی آیات میں آنے والے کچھ اسماء اور افعال نیچے دیے گئے ہیں۔

اسماء

واحد	جمع	معانی
مَثَل	أَمْثَال	مثال
نُوْر	أَنْوَار	روشنی
ظُلْمَة	ظُلُمَات	تاریکی

افعال: ہر فعل کے تحت دیے گئے تین افعال اور تین اسماء کی TPI کے ساتھ مشق کیجیے

تکرار	مادہ اور کوڈ	فعل ماضی	فعل مضارع	فعل امر	اسم فاعل	اسم مفعول	کام کا نام	معانی
37	ذ ھ ب ف	ذَهَبَ	يَذْهَبُ	اِذْهَبْ	ذَاهِب	–	ذَهَاب	جانا
41	ت ر ك ذ	تَرَكَ	يَتْرُكُ	أُتْرُكْ	تَارِك	مَتْرُوْك	تَرْك	چھوڑنا
86	ر ج ع ض	رَجَعَ	يَرْجِعُ	اِرْجِعْ	رَاجِع	مَرْجُوْع	رُجُوْع	لوٹنا